
# باب 15
# بازار سے گھر تک



## رات میں دن

میرا نام ویشالی ہے۔ میرے والد ایک سبزی فروش ہیں۔ میرا پورا خاندان امّاں، بھیّا، چھوٹو اور میں ان کے کام میں ان کی مدد کرتے ہیں۔ کیا تم اندازہ لگا سکتے ہو کہ ہم اپنا کام کس وقت شروع کرتے ہیں؟ صبح 3 بجے جب زیادہ تر لوگ گہری نیند میں سو رہے ہوتے ہیں ہم اپنا کام شروع کرتے ہیں۔ ہمارا دن کا کام شروع ہوتا ہے جب بابو جی، اماں، بھیا اور میں گذشتہ دن کی سبزیاں بوروں اور ٹوکروں میں سے باہر نکالتے ہیں۔ تازہ سبزیاں منڈی سے لانے کے لیے تیاری کرتے ہیں۔ کبھی کبھی چھوٹو بھی ہماری مدد کرتا ہے۔ جیسے ہی ہم یہ کام ختم کرتے ہیں اور تھوڑی چائے پی رہے ہوتے ہیں۔ ہمیں سامان لے جانے والی سواری ٹیمپو کے بھونپو کی آواز سنائی دیتی ہے۔ یہ بابو جی، بھیّا، چاچو اور کچھ محلے کے لوگوں کے منڈی کے لیے روانہ ہونے کا وقت ہے۔

© NCERT not to be republished

کیا تمھارے گھر میں سے کسی کو بہت جلدی صبح اٹھنا پڑتا ہے؟ وہ کس وقت اٹھتے ہیں؟ ان کو اتنی جلدی جاگنے کی کیا ضرورت ہے؟

## دن کی تیاریاں



جب تک بابو جی گئے ہوئے ہوتے ہیں امّاں، میں اور چھوٹو گذشتہ روز کی سبزیاں بوروں میں رکھتے ہیں اور اس پر کچھ پانی چھڑکتے ہیں۔ 6:30 تک بابو جی واپس آجاتے ہیں منڈی سے ٹوکریاں اور تھیلے تازہ سبزیوں سے بھر کر۔ اس وقت ہمارا گھر ایک چھوٹا سا سبزی بازار لگتا ہے! یہاں ہر طرف، بیگن، آلو، ٹماٹر، بھنڈی، لوکی، توری، گھیا، مرچ وغیرہ نظر آتے ہیں۔ سبزیوں کو چھانٹنے میں سب مدد کرتے ہیں۔ وہ سبزیاں جو پوری طرح پکی نہیں ہیں اور بیچنے کے لائق نہیں ہیں، الگ ایک طرف رکھی جاتی ہیں۔ ہمیں سبزیوں کو تیزی سے چھانٹنا ہوتا ہے تا کہ بازار جتنی جلدی پہونچ سکیں۔

**برائے استاد:** بچوں کے ساتھ سبزی منڈی کی اہمیت کا ذکر کریں۔



© NCERT not to be republished



سات بجے تک بابو جی تمام سبزیاں ہاتھ سے چلانے والے ٹھیلے پر سجا لیتے ہیں اور بازار کے لیے روانہ ہوجاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر وہ دیر میں پہونچے تو روزانہ خریداری کرنے والے پرانے گاہک اپنی سبزیاں کسی اور سے خرید لیں گے۔ جیسے ہی بابو جی جاتے ہیں فوراً ہی میں تیار ہوجاتی ہوں کیونکہ مجھے صبح 7:30 تک اسکول پہونچنا ہے۔

## بازار میں



چھوٹو دوپہر میں اسکول جاتا ہے۔ وہ کچھ دیر آرام کرتا ہے اور اس کے بعد بابو جی اور بھیا کے لیے کھانا لے کر بازار چلا جاتا ہے۔ ان کے ساتھ سبزیوں کے ٹھیلے کے پاس رہتا ہے جب تک کہ اس کے اسکول جانے کا وقت نہیں ہوجاتا۔ کبھی کبھی وہ اسکول ختم کرنے کے بعد بابو جی کی مدد کرنے چلا جاتا ہے۔ بابو جی کوشش کرتے ہیں کہ پچھلے دن کی سبزیاں پہلے فروخت ہوجائیں۔




© NCERT not to be republished

## آئیے گفتگو کریں

- بابو جی گذشتہ روز کی سبزیاں پہلے فروخت کرتے ہیں۔تم کیا سوچتے ہو وہ ایسا کیوں کرتے ہیں؟
- کیا تم نے سوکھی ہوئی یا خراب سبزیاں دیکھی ہیں؟ کہاں؟
- تم نے کیسے جانا کہ سبزیاں خراب تھیں؟

جیسے ہی گذشتہ روز کی سبزیاں بک جاتی ہیں۔ بھیا تھیلوں میں سے تازہ سبزیاں نکالتے ہیں اور ان کو ٹھیلے پر رکھ دیتے ہیں۔ وہ سبزیوں پر پانی بھی چھڑکتے رہتے ہیں تاکہ وہ سوکھ نہ جائیں خاص طور پر گرمیوں کے موسم میں۔ بابو جی اور بھیّا گھر واپس آتے ہیں بہت لمبے دن کے اختتام پر۔ 10 بجے رات تک۔ اس وقت تک چھوٹو اور میں سو جاتے ہیں۔ اور باقی سب لوگ 11 یا ساڑھے 11 بجے تک رات میں سوتے ہیں۔ دوسرے دن کی صبح کو تین بجے یعنی صرف چار گھنٹے بعد ہمارا خاندان دوبارہ جاگ اٹھتا ہے۔ ایک اور دن کی شروعات ہوتی ہے۔

- مندرجہ ذیل گھڑیوں کو دیکھو لکھو تم کیا کرتے ہو اور ویشالی کیا کرتی ہے اس وقت جو وقت گھڑی دکھا رہی ہے۔



رات



صبح



صبح

ویشالی ____________ ویشالی ____________ ویشالی ____________

تم ____________ تم ____________ تم ____________

- تم اپنے گھر کے لیے سبزیاں کہاں سے حاصل کرتے ہو؟ کون لاتا ہے سبزیاں؟

______________________________

______________________________

© NCERT not to be republished

## سبزیوں کے ساتھ کچھ تفریح

**اگلی بار جب تم بھنڈی خریدو ان کو غور سے دیکھو کیا سب ایک ہی سائز کی ہیں؟**

- سب سے لمبی اور سب سے چھوٹی تلاش کرو۔ ان کا ناپ لو۔
- کیا ساری بھنڈیاں ایک جیسی ہی موٹائی اور ایک جیسے ہی رنگ کی ہیں دو بھنڈی لمبائی میں کاٹو۔ کیا دونوں میں بیجوں کی تعداد یکساں ہے؟ ان کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ۔
- سیما کی والدہ کچھ پھل اور سبزیاں بازار سے لائی ہیں کیا تم ان کو تصویر میں تلاش کر سکتے ہو؟ ان میں رنگ بھرو اور ان کے نام اپنی کاپی میں لکھو۔



© NCERT not to be republished

## تلاش کرو۔

- سبزیوں اور پھلوں کی مندرجہ ذیل فہرست سے یہ بتاؤ کہ کون سی سبزیاں ان میں سے جلدی خراب ہوتی ہیں اور کون کون سی کچھ دن تک رہ سکتی ہیں؟ صحیح خانوں میں ان کے نام لکھو۔

فہرست میں تم اور ناموں کا اضافہ بھی کر سکتے ہو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پالک | آلو | کیلا | ٹماٹر | ناشپاتی |
| چیکو | انناس | لوکی | پیاز | بند گوبھی / پتہ گوبھی |

سبزیاں جو کچھ دن رہ سکتی ہیں۔

پھل اور سبزیاں جو جلد خراب ہو جاتی ہیں۔

ان میں سے بعض پھل اور سبزیاں چھونے پر چکنی محسوس ہوتی ہیں جب کہ کچھ کھردری۔ مندرجہ بالا فہرست میں سے ناموں کو صحیح خانوں میں لکھو۔

چکنی

کھردری

© NCERT not to be republished

- کون سی سبزی تم کو اٹھانے میں سب سے زیادہ وزنی محسوس ہوتی ہے؟ اس کا نام لکھو اور اس کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ۔
- وہ کون سی سب سے ہلکی/ ہلکا پھل یا سبزی ہے جو تم کھا چکے ہو؟
- تین ایسی سبزیوں کے نام لکھو جن میں بیج نہیں ہوتے۔

_______________ _______________ _______________

مندرجہ ذیل ٹیبل کو پر کرو۔ تم تین اور ناموں کا اضافہ کر سکتے ہو اور خانوں میں بھر سکتے ہو۔

| | رنگ | لمبائی | وزن | قیمت |
|---|---|---|---|---|
| سیب | | | (1/2 کلو) | |
| کیلا | | | (1 درجن) | |
| آلو | | | (1/2 کلو) | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

- اپنے علاقے میں ایک سبزی فروش سے گفتگو کرو۔ مندرجہ ذیل سوالات پوچھو اور ایک مختصر سا بیان کاپی میں لکھو۔
  - سبزی والے یا سبزی والی کا نام کیا ہے؟
  - اس کے گھر میں کتنے افراد ہیں؟ گھر میں کتنے بچے ہیں؟
  - اس کے بچوں کے کیا نام ہیں؟ ان کی عمریں کیا کیا ہیں؟ کون سبزیاں فروخت کرنے کے کام میں مدد کرتا ہے؟
  - کون کون سبزی کے ٹھیلے کے ساتھ بیٹھتا ہے یا دکان پر بیٹھتا ہے؟



© NCERT not to be republished

- وہ کیا کیا سبزیاں فروخت کرتے ہیں؟
- کس وقت سے وہ کام کی شروعات کرتے ہیں؟
- ایک دن میں وہ کتنے گھنٹے کام کرتے ہں؟
- کوئی تین سبزیوں کے بارے میں دریافت کرو جو وہ فروخت کرتے ہیں۔

| | سبزی 1 | سبزی 2 | سبزی 3 |
|---|---|---|---|
| سبزی کا نام | | | |
| سبزی کی قیمت | | | |
| کہاں سے آتی ہے؟ | | | |
| ایک وقت میں وہ کتنی سبزی خریدتے ہیں؟ | | | |
| عام طور پر یہ سبزی کس مہینے میں آتی ہے؟ | | | |

© NCERT not to be republished